رول نمبر: ____________

FBD-G2-12-18

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
8022

| سوال نمبر 1 | ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ہوائی کا وقت جاپان سے پیچھے ہے: | 2 گھنٹے | 5 گھنٹے | 20 گھنٹے | 24 گھنٹے |
| 2 | " گنجینۂ گوہر" سے سبق لیا گیا ہے: | دستک | ایوب عباسی | قرطبہ کا قاضی | مولوی نذیر احمد دہلوی |
| 3 | ہم شرماشری میں نہیں گئے: | سپر مارکیٹ | جونا مارکیٹ | انارکلی | چونا منڈی |
| 4 | ایوب صاحب کا گھر مسافر خانہ بنا رہتا تھا: | بارہ مہینے | دو مہینے | دس مہینے | تین مہینے |
| 5 | ڈاکٹر زیدی کی اٹھارہ بیس برس پہلے خوب چلتی تھی: | دکان | دوائی | پریکٹس | کتاب |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | ماں بیٹی چرخہ کات: | رہیں ہیں | رہی ہیں | رہا ہیں | رہے ہیں |
| 7 | گھر عورت کی جنت: | ہوتی ہے | ہوتا ہے | ہوتیں ہیں | ہوتے ہیں |
| 8 | علم اور نیک چلنی انسان کا درجہ بڑھا: | دیتی ہے | دیتی ہیں | دیتا ہے | دیتے ہیں |
| 9 | آپ علی پر اعتماد کر سکتے ہیں ____ اس نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ | کیونکہ | مگر | تاکہ | چنانچہ |
| 10 | ____ آگے راستہ بند تھا، اس لیے ہمیں واپس آنا پڑا۔ | اگرچہ | اگر | چونکہ | جبکہ |

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کی علامت ہے: | ، | : | ! | ؟ |
| 12 | کسی شخص کے قول کے دونوں طرف علامت استعمال ہوتی ہے: | سکتہ | ندائیہ | قوسین | واوین |
| 13 | کسی جذبے کے اظہار پر علامت استعمال ہوتی ہے: | فجائیہ | ختمہ | رابطہ | واوین |
| 14 | ( ۔ ) علامت ہے: | مختصر ٹھہراؤ | ندائیہ | جذبات کا اظہار | مکمل ٹھہراؤ |
| 15 | خط کی علامت ہے: | “ ” | ؛ | ____ | ! |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | چکنا : | وہ اپنا قرض ادا کر چکا ہے | اسے چک پڑ گئی ہے | یہ فرش بہت چکنا ہے | احمد نے قرض چکا دیا |
| 17 | پڑنا : | مجھے ضروری کام پڑ گیا | کتاب میز پر پڑی ہے | بچہ دوڑتے ہوئے گر پڑا | گیند کہاں پڑی ہے |
| 18 | آنا : | وہ گھر آ گیا ہے | اب آ بھی جاؤ | برسات کا موسم آ رہا ہے | باغ میں چلے آؤ |
| 19 | لینا : | میری کتاب لا دو | کپڑے بیگ میں رکھ لو | بازار سے دہی لے آؤ | پھل لے بھی آؤ |
| 20 | لگنا : | آگ کیسے لگی | کشتی کنارے جا لگی | اسے پینٹ کوٹ کیسا لگ رہا ہے | وہ آپ کا کیا لگتا ہے |

302-XII118-41000

www.taleem360.com

